سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 1

متن

اسجد میاں صبح جلدی اٹھتے ہیں اور سب سے پہلے اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں ۔ پھر اسجد میاں اسکول جانے کی تیاری کرتے ہیں ۔ وہ دانتوں کو اچھی طرح صاف کرتے ہیں ۔ ان کے دانت چمکیلے ہیں ۔ پھر وہ منہ، ہاتھ اور پیر دھوتے ہیں ۔ پھر اسجد میاں یونیفارم پہنتے ہیں ۔ ان کی قمیص کا رنگ سفید اور پینٹ کا رنگ نیلا ہے ۔ پھر اسجد میاں ناشتہ کرتے ہیں جو ان کی امی جان تیار کرتی ہیں ۔ اسجد کے ابا جان انہیں اسکول چھوڑ کر آتے ہیں ۔ جانے سے پہلے وہ امی جان کو السلام علیکم اور اللہ حافظ کہتے ہیں ۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (۱۰)

اسجد میاں ــــــــ جلدی اٹھتے ہیں اور سب سے پہلے اللہ کا ــــــــ ادا کرتے ہیں ۔ پھر اسجد میاں اسکول جانے کی ــــــــ کرتے ہیں ۔ وہ دانتوں کو اچھی طرح ــــــــ کرتے ہیں ۔ ان کے دانت ــــــــ ہیں ۔ پھر وہ ــــــــ، ہاتھ اور پیر دھوتے ہیں ۔ ــــــــ اسجد میاں یونیفارم پہنتے ہیں ۔ ان کی قمیص کا رنگ سفید اور پینٹ کا رنگ نیلا ہے ۔ پھر اسجد میاں ــــــــ کرتے ہیں جو ان کی امی جان ــــــــ کرتی ہیں ۔ اسجد کے ابا جان انہیں اسکول چھوڑ کر ــــــــ ہیں ۔ جانے سے پہلے وہ امی جان کو السلام علیکم اور اللہ حافظ کہتے ہیں ۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے ۔ (۱۰)

۱۔ اسجد میاں صبح ــــــــ اٹھتے ہیں ۔

دیر سے   جلدی   وقت پر

۲۔ اسجد میاں اسکول ــــــــ کی تیاری کرتے ہیں ۔

میں کھیلنے   جانے   سے آنے

۳۔ وہ ________ کو اچھی طرح صاف کرتے ہیں۔

کمرے	دانتوں	ہاتھوں

۴۔ ان کے دانت _______ ہیں۔

چھوٹے	سفید	چمکیلے

۵۔ پھر اسجد میاں ______ پہنتے ہیں۔

جوتے	موزے	یونیفارم

۶۔ ان کی ________ کا رنگ سفید ہے۔

پینسل	قمیص	پینٹ

۷۔ ان کی پینٹ ______ رنگ کی ہے۔

کالی	بادامی	نیلی

۸۔ پھر اسجد میاں ______ کرتے ہیں۔

کام	باتیں	ناشتہ

۹۔ ناشتہ ان کی _______ تیار کرتی ہیں۔

امی جان	بہن	دادی جان

۱۰۔ اسجد کے ______ انہیں اسکول چھوڑ کر آتے ہیں۔

ابا جان	بھائی جان	نانا جان

سننے کی مشق کے بعد بات چیت

آپ کا اسکول آنے سے پہلے کا کیا معمول ہے؟ مختصراً بتائیے۔

آپ ناشتے میں کیا کھانا پسند کرتے / کرتی ہیں؟

****